ڈپٹی رجسٹرار، پی۔آر۔پی،
زرعی یونیورسٹی،فیصل آباد۔

بعنوان: نوٹس برائے نیلامی چری،باجرہ(سبز چارہ)

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ڈائریکٹوریٹ آف فارمز، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے پارس فارم پر(مربع نمبر 25 میں 40 کنال چری، باجرہ) سبز چارہ کا نیلام عام پارس فارم، جھنگ روڈ،فیصل آباد پر مورخہ **06 اگست 2020 بروز جمعرات بوقت 10.00 بجے صبح کیا جائے گا۔**

**قوانین وشرائط درج ذیل ہیں:۔**

1۔ بولی سے قبل قومی شناختی کارڈ کی نقل فراہم کرنا لازم ہوگا۔

2۔ تمام بولی دہندگان کو بولی سے قبل مبلغ-/10,000 روپے بطورِ زرضمانت (قابلِ واپسی) آکشن کمیٹی کو جمع کروانا ہونگے۔

3۔ کامیاب بولی دھندہ کو فائلر (Filer) ہونے کی صورت میں 10% اور غیر فائلر (Non Filer) ہونے کی صورت میں 20% گورنمنٹ ایڈوانس ٹیکس بحق سرکار جمع کروانا ہوگا۔

4۔ کامیاب بولی دھندہ سے بولی کی کل رقم کا 1/3 حصہ موقع پر وصول کیا جائے گا جبکہ بقیہ رقم آفیسر/مجاز اتھارٹی کی منظوری کی اطلاع کے بعد وصول کی جائے گی۔آفیسر/مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد تمام واجبات وٹیکس وصولی کے بعد نیلام کی گئی فصل لے جانے کی اجازت ہوگی۔نیلام کی گئی فصل میں جانور لا کر چرانے سختی سے منع ہیں اور چری، باجرہ کی فصل والا رقبہ ایک ماہ میں خالی کرنا ہوگا

5۔ مندرجہ بالا قوانین وشرائط پر عمل درآمد نہ ہونے کی صورت میں جمع شدہ رقم بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی اور بولی شدہ فصل دوسرے نمبر پر آنیوالے بولی دہندہ کی رضا مندی پر سابقہ منظور شدہ ریٹ (پہلی بلندترین بولی) کے مطابق مذکورہ بالا شرائط کے تحت حوالے کی جائے گی۔

6۔ مجاز اتھارٹی نیلامی کو منظور یا منسوخ کرنے کا اختیار رکھتی ہے اور تمام بولی دہندگان کے لیے کرونا وائرس کے متعلق احتیاطی تدابیر پر عمل پیرا ہونا انتہائی ضروری ہے۔

**نوٹ: مذکورہ بالا تاریخ میں بولی کامیاب نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ نیلامی 10 اگست 2020 بروز سوموار بوقت 10 بجے صبح منعقد ہوگی۔**

**برائے مہربانی مندرجہ بالا نوٹس کیمپس نیوز میں مشتہر کروادیں۔**

ڈاکٹر عمران خان، سپرنٹنڈنٹ فارم، پارس فارم
ڈائریکٹوریٹ آف فارمز جامعہ زرعیہ، فیصل آباد۔
فون نمبر: 041-9201203

**کاپی برائے اطلاع ومناسب کارروائی:۔**

1۔ لینڈ یوٹیلائزیشن آفیسر/ممبر آکشن کمیٹی۔

2۔ اکاؤنٹس آفیسر (پنشن اینڈ فنڈ سیکشن)/ممبر آکشن کمیٹی۔

3۔ ڈائریکٹر آئی۔ٹی (I.T)، درخواست کی جاتی ہے کہ درج بالا نیلامی نوٹس یونیورسٹی ویب سائٹ پر مشتہر کروادیں۔

4۔ پی۔اے ٹو ڈائریکٹر فارمز، زرعی یونیورسٹی، فیصل آباد۔